دوسرا سمسٹر II Semester	ایم۔ایڈ (ریگولر) M.Ed Regular	جولائی 2022

Paper - MMED213CCT : Advanced Research Methods

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks — Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i- ایسی تحقیقات جن کا استعمال وسیع پیمانے پر اور جن کا فائدہ دنیا کے تمام لوگوں کو پہنچتا ہے، اسے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(A) عملی تحقیق (B) نظریاتی تحقیق (C) سماجی تحقیق (D) تعمیری تحقیق

ii- درج ذیل میں کون سی تحقیق ہے جس میں افراد کے جیتے جاگتے تجربات کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟

(A) Ethnography (B) Ethology (C) Phenomenology (D) Grounded Theory

iii- اچھے تحقیقی عنوان میں کون سی معلومات کا ہونا ضروری نہیں ہے؟

(A) متغیر یا متغیرات کے بارے میں معلومات (B) آبادی کے بارے میں معلومات

(C) نمونہ بندی کی تکنیک کے بارے میں معلومات (D) تحقیق کی قسم کے بارے میں معلومات

iv- درج ذیل میں ڈگری آف فریڈم کے لیے کون سا فارمولا درست ہے؟

(A) Degree of Freedom = Level of Confidence - Confidence Interval

(B) Degree of Freedom = Confidence Interval - Level of Confidence

(C) Degree of Freedom = Total restrictions - Total available options

(D) Degree of Freedom = Total available options - Total restrictions

v- درج ذیل میں تحقیق کے اقدام کی صحیح ترتیب کون سی ہے؟

(A) مسئلہ کی شناخت۔۔معطیات جمع کرنا۔۔مفروضات کی تشکیل۔۔معطیات کا تجزیہ۔۔نتیجہ اخذ کرنا

(B) مفروضات کی تشکیل۔۔مسئلہ کی شناخت۔۔معطیات جمع کرنا۔۔معطیات کا تجزیہ۔۔نتیجہ اخذ کرنا

(C) مسئلہ کی شناخت۔۔مفروضات کی تشکیل۔۔معطیات جمع کرنا۔۔معطیات کا تجزیہ۔۔نتیجہ اخذ کرنا

(D) مسئلہ کی شناخت۔۔مفروضات کی تشکیل۔۔معطیات جمع کرنا۔۔نتیجہ اخذ کرنا۔۔معطیات کا تجزیہ

-vi ہم رشتگی کے تصور کی ارتقاء کس کے ذریعے کی گئی؟

(A) پیئرسن (B) اسپیئرمین (C) فرانسس گالٹن (D) گلفورڈ

-vii درج ذیل میں کون بناوٹی تقسیم کاری(Artificial Dichotomy) کی مثال ہے؟

(A) فیل اور پاس (B) وسطانیہ سے اوپر وسطانیہ سے نیچے

(C) 40 فیصد سے اوپر 40 فیصد سے نیچے (D) درج بالا سبھی

-viii درج ذیل میں کون سا رجعت (Regression) کی اقسام میں شامل نہیں ہے؟

(A) آسان اور تکثیری رجعت (B) براہ راست اور بالواسطہ رجعت

(C) مستقیمی اور غیر مستقیمی رجعت (D) جزوی اور کلی رجعت

-ix کائی اسکوائر کی حساب کی گئی قدر (Calculated Value) اگر جدول قدر (Table Value) سے زیادہ ہوتی ہے۔تو---------

(A) صفر مفروضہ مسترد کیا جاتا ہے۔ (B) صفر مفروضہ قبول کیا جاتا ہے۔

(C) صفر مفروضہ دوبارہ تشکیل دیا جاتا ہے۔ (D) درج بالا کوئی نہیں

-x اگر اعتماد کی سطح میں اضافہ کیا جاتا ہے تو-----------

(A) اعتماد کے وقفہ میں اضافہ ہوتا ہے۔ (B) اعتماد کے وقفہ میں کمی ہوتی ہے۔

(C) اعتماد کے وقفہ میں نہ اضافہ ہوتا ہے نہ کمی ہوتی ہے۔ (D) درج بالا کوئی نہیں۔

حصہ دوم

-2 تحقیق میں مظہریات (Phenomenlogy) کا تصور واضح کیجیے۔

-3 تاریخی تحقیق کی اہمیت بیان کیجیے۔

-4 کیفیتی تحقیق میں انعکاسی جرائد کی افادیت بیان کیجیے۔

-5 تحقیقی رپورٹ کے تعین قدر کی کسوٹیاں کون کون سی ہیں؟ مختصر وضاحت کیجیے۔

-6 ذو ترتیب ہم رشتگی کا تصور مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے۔

-7 تحقیق میں کائی اسکوائر جانچ کا استعمال واضح کیجیے۔

-8 9,8,7,7,7,6,5 کا اوسط، وسطانیہ اور بہتانیہ معلوم کیجیے۔

-9 معیاری خطا کا تصور بیان کرتے ہوئے اوسط کی معیاری خطا کا فارمولا لکھئے۔

حصہ سوم

-10 فلسفیانہ تحقیق کا مفہوم واضح کرتے ہوئے اس کے اقدام کی فہرست سازی کیجیے۔

-11 فریم ورک تجزیہ اور ڈسکورس تجزیہ پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

-12 تحقیق میں حوالہ جات اور کتابیات لکھنے کے اسلوب پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

-13 60 طلبا نے مادری زبان میں تعلیم حاصل کرنے پر اپنی رائے کا اظہار ناپسند، پسند اور بہت پسند کے پیمانے پر دیا۔اگر حاصل اسکور بالترتیب 12، 25 اور 23 ہیں، ہر ایک زمرے میں مساوی اسکور کی امید ہے، تو کائی اسکوائر کی حسابی قدر معلوم کیجیے۔

-14 معیاری خطا اور اعتماد کا وقفہ کے تصورات مثالوں کے ساتھ سمجھائیے۔

☆☆☆